پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

15 نومبر 2018

شیوم سہکاری بینک لمیٹیڈ، اِچلکرنجی، ضلع کولہاپور، مہاراشٹر کو ہدایات جاری کی گئیں۔ مدت میں توسیع

ریزروبینک آف انڈیا نے (مورخہ 18 مئی 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس سی او بی ایس ڈی I/D-6/12.22.351/2017-18 کے ذریعہ) شیوم سہکاری بینک لمیٹیڈ، اِچلکرنجی، ضلع کولہاپور، مہاراشٹر کو 19 مئی 2018 کے کام کے اوقات کے اختتام سے ہدایات (پابندیوں) کے تحت رکھا تھا۔

اب عوام کی جانکاری کے لئے یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ ریزو بینک، بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیتی ہے کہ اوپر بتائی گئی ڈائریکٹو اس بینک پر مزید چھ ماہ کے لئے 12 نومبر 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی آر سی او اے آئی ڈی/ڈی-19/12.22.351/2018-19 کے ذریعہ 19 مئی 2019 تک عمل پیرا رہیں گے۔

12 نومبر 2018 کے ڈائریکٹو کی ایک کاپی عوام کی سہولت و اُن کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں اس توسیع کے اعلان کے مظاہرہ کے لئے رکھ دی جائے۔

ریزو بینک کے ذریعہ مندرجہ بالا توسیع/ترمیم کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک اس بینک کی مالیاتی حالت سے مطمئن ہے۔

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 2018-2019/1127